آپ کیا کرسکتے ہیں؟

بردہ فروشی کے شکار افراد کی شناخت اور مشتبہ معاملات کی اطلاع دینا

BLUE CAMPAIGN
One Voice. One Mission. End Human Trafficking.

متاثرہ فرد کی شناخت

نفاذ قانون، ابتدائی جواب دہندہ، اور نگہداشت صحت کے فراہم

آپ کیا کرسکتے ہیں:

1. علامات کو جانیں: .ہمارے انڈیکیٹرزکارڈ (اشاراتی کارڈز) طلب کریں، جو 17 زبانوں میں دستیاب، با سہولت والٹ کی جسامت کے کارڈز ہیں جن میں کلیدی علامات درج ہیں۔ آپ اپنے مقامی علاقے میں ان کارڈوں کو تقسیم کر سکتے ہیں۔ ہم نے ایسے انڈیکیٹر کارڈز بھی تیار کیے ہیں جو ابتدائی جواب دہندگان اور نگہداشتِ صحت فراہم کنندگان کی ضرورت کے مواقف ہیں۔ مزید معلومات اس پتے پر حاصل کریں:*www.dhs.gov/Bluecampaign*

2. اطلاع دہی کے لیے مفید نکات۔اگر آپ کا سامناکسی ایسے شخص سے ہوتا ہے جو آپ کے خیال میں بردہ فروشی کا شکار ہوسکتا / سکتی ہے، یا آپ نفاذ قانون سے متعلق ایجنسی میں ہیں اور اپنے علاقے کے ایچ ایس آئی سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں تو، ایچ ایس آئی ٹِپ لائن **(HSI Tipline)** سے رابطہ کریں:

- **(866) 347-2423** پر کال کریں (امریکہ اور کینیڈا سے ٹول فری)
- **(802) 872-6199** پر کال کریں (پوری دنیا میں کہیں سے بھی ٹول فری نہیں)
- یا سراغ کی اطلاع آن لائن اس پتے پر دیں *www.ice.gov/tips* (انٹرنیٹ پر کہیں سے بھی)

نفاذ قانون سے متعلق اعلی تربیت یافتہ اسپیشلسٹس بردہ فروشی سے متعلق سراغ وصول کرنے اور پورے ملک اور پوری دنیا میں فوری طور پر بردہ فروشی سے متعلق تفتیش کاروں کو رہنمائی فراہم کرنے کے لیے روزانہ 24 گھنٹے ، ہفتے کے 7 دن دستیاب ہیں۔ گمنام سراغ کی اطلاع آن لائن فارم اور ٹول فری ٹِپ لائن کے ذریعہ دی جاسکتی ہے۔

نیشنل ہیومن ٹریفکنگ ریسورس سنٹر **(NHTRC)** کو درج ذیل کے لیے **1-888-373-7888** پر کال کریں:

- اپنے علاقے میں مدد حاصل کرنے اور خدمت کے فراہم کنندہ سے رابطہ کرنے کے لیے؛
- بردہ فروشی کی امکانی سرگرمی پر معلومات کی فراہمی کے لیے؛ یا
- تربیت، تکنیکی اعانت، یا وسائل کی درخواست کرکے مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے۔

NHTRC ملک میں کہیں سے بھی کی گئی کالوں کا ، روزانہ 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن، سال کے ہر دن جواب دینے کے لیے ایک قومی پیمانے کی ٹول فری ہاٹ لائن ہے۔ NHTRC نفاذ قانون سے متعلق کوئی ایجنسی یا امیگریشن اتھارٹی نہیں ہے اور اسے ایک غیر سرکاری تنظیم کے ذریعہ چلایا جاتا ہے۔

3. اپنے علاقے میں ہوم لینڈ سیکیورٹی کی تفتیشات**(HSI)** کے بارے میں جانیں ۔ اپنے علاقے میں بردہ فروشی پر کام کر رہے HSI کے خصوصی ایجنٹوں اور متاثرین کی مدد کرنے والے اسپیشلسٹس سے منسلک ہونے کے لیے HSI ٹِپ لائن کو کال کریں اور ان کے ساتھ تعلق قائم کریں، آپ یہ عمل کسی کیس پر ہمارے مشترکہ طور پر کام کرنے سے قبل بھی کرسکتے ہیں۔ رہنمائی کو فروغ دینے اور کیس سے متعلق معلومات کا اشتراک کرنے اور آگاہی کو فروغ دینے کے لیے ساتھ مل کر کام کریں۔

4. اپنے علاقے کی ٹاسک فورس کے بارے میں جانیں۔ بردہ فروشی سے متعلق ٹاسک فورسز وفاقی، ریاستی، مقامی، کاؤنٹی کے، اور قبائلی قوانین کا نفاذ کرنے والی ایجنسیوں اور وکلاء، نیز متاثرین کو خدمات فراہم کرنے والی NGOs پر مشتمل ہوتی ہیں۔ www.bja.gov پر جاکر معلوم کریں کہ آیا آپ کے علاقے میں بردہ فروشی سے متعلق ٹاسک فورس ہے یا نہیں۔ اگر کوئی موجود ہے تو، ان سے رابطہ کریں اور ان کی کوششوں میں تعاون کریں۔

5. خود کو اور اپنے ساتھی کارکنان کو معلومات فراہم کریں۔ اگر آپ نفاذ قانون سے متعلق ہیں تو ہماری کمپیوٹر پر مبنی مفت باہم متعامل تربیت، انٹرویو لینے اور تفتیش کرنے سے متعلق مختلف حکمت عملیوں کی معلومات فراہم کرتی ہے ، جس سے آپ کو اسے زیادہ مؤثر انداز اپنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس پتے پر جائیں: *www.fletc.gov/training/programs/human-trafficking-training-program* اگر آپابتدائی جواب دہندہ یا نگہداشت صحت کے پیشہ ور ماہر ہیں تو، ہماری عمومی آن لائن، باہم متعامل تربیت حاصل کریں اور ابتدائی جواب دہندہ سے متعلق ہماری ویڈیو دیکھیں۔
اس پتے پر جائیں:*www.dhs.gov/Bluecampaign*

6. **Blue campaign** کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ مزید تربیت، آؤٹ ریچ سے متعلق مواد، متاثرہ فرد کی مدد کے لیے مواد، اور اس بارے میں معلومات کے لیے کہ آپ کس طرح بردہ فروشی کے خاتمے کی جنگ میں شرکت کرسکتے ہیں، اس پتے پر جائیں: *www.dhs.gov/Bluecampaign*.

آپ کیا کرسکتے ہیں؟

بردہ فروشی کے متاثرین کی شناخت کرنا اور مشتبہ معاملات کی اطلاع دینا

متاثرین عام نظر آ جاتے ہیں

بردہ فروشی کے شکار کسی فرد سے آپ کا سامنا اپنی ڈیوٹی کی انجام دہی کے دوران ہوسکتا ہے۔ بردہ فروشی کے شکار افراد ہماری کمیونیٹی میں ہی ہوتے ہیں۔ نفاذ قانون سے متعلق افراد خانگی لڑائی جھگڑے سے متعلق کالوں، مساج پارلرز، بار، اور اسٹرپ کلب کے واقعات پر کارروائی کرتے وقت، یہاں تک کہ معمول کے ٹریفک اسٹاپس پر بھی متاثرین کے رابطے میں آسکتے ہیں۔ پہلے جواب دہندگان اور نگہداشت صحت کے پیشہ ور ماہرین ہنگامی حالات میں کارروائی کرتے وقت یا ہسپتالوں یا ڈاکٹر وں کے دفاتر میں مریضوں کا علاج کرتے وقت اس کی علامات دیکھ سکتے ہیں۔ ہیلتھ اینڈ سیفٹی انسپکٹرز کو متاثرین ریستورانوں، فیکٹریوں، تعمیری سائٹوں، یا فارموں پر کام کرتے ہوئے مل سکتے ہیں۔

بردہ فروشی کے متاثرین کسی بھی عمر، جنس یا قومیت کے ہوسکتے ہیں جن میں امریکی شہری بھی شامل ہیں

ان کی امیگریشن کی حیثیت قانونی ہوبھی سکتی ہے اور نہیں بھی۔ متاثرہ افراد مزدوری کے قانونی اور غیر قانونی دونوں شعبوں میں ہوسکتے ہیں؛ کچھ لوگوں کو اچھی تنخواہ والی ملازمت کا جھانسہ دیا جاتا ہے، یہاں تک کہ محبت کے جال میں بھی پھنسایا جاتا ہے۔ اکثر، انہیں جبری طور پر یا زبردستی گھریلو غلام، فارم یا فیکٹری کا مزدور بنالیا جاتا ہے، یا دیگر قسم کی جبری مزدوری، یا جسم فروشی (طوائف بنانا) کروائی جاتی ہے۔ وفاقی قانون کے تحت، ہر نابالغ فرد جسے جسم فروشی کی طرف مائل کیا گیا ہو ، بردہ فروشی کا/کی شکار ہے۔

بردہ فروش کیسے کام کرتے ہیں

بردہ فروش ایسے لوگوں کا شکار کرتے ہیں جنہیں معمولی یا بالکل بھی سماجی تحفظ حاصل نہیں ہوتا۔ وہ ایسے لوگوں کی تلاش میں رہتے ہیں جو مختلف وجوہات کی بنا پر زد پذیر ہوتے ہیں، جن میں مالی تنگ دستی، گھر پر تشدد، قدرتی آفات، یا سیاسی عدم استحکام شامل ہے۔ بردہ فروش لوگوں کو پھنسانے کے لیے متعدد طرح کی حکمت عملیاں استعمال کرتے ہیں، جن میں نہ صرف تشدد یا تشدد کی دھمکیاں، نیز نفسیاتی دباؤ بھی شامل ہوتا ہے۔ یہ ذہنی صدمہ اس قدر شدید ہوسکتا ہے کہ بہت سے لوگ خود کو متاثر نہیں مانتے یا یہاں تک کہ انتہائی عوامی مقامات پربھی مدد طلب نہیں کرتے۔

بردہ فروشی کی علامات

کلیدی اشاریوں کو سمجھنے سے ایک زندگی بچ سکتی ہے۔ یہ متاثرین کی شناخت میں پہلا قدم ہے۔ ذیل میں بیان کردہ سبھی اشاریے بردہ فروشی کی ہر صورت حال میں موجود نہیں ہوتے ۔ کسی بھی اشاریہ کی موجودگی یا غیر موجودگی یقینی طور پر بردہ فروشی کا ثبوت نہیں ہوتی۔
اگر آپ نفاذ قانون سے متعلق ہیں تو، براہ کر م ہوم لینڈ سیکیورٹی انویسٹیگیشنز (HSI) کے علاقائی دفتر یا اپنے علاقے کی ہیومن ٹریفکنگ ٹاسک فورس کے دفتر سے رجوع کرکے تفتیش میں ان کے ساتھ کام کریں، یا کسی سراغ کی اطلاع دیں۔ HSI بردہ فروشی کی تفتیش کرنے اور بردہ فروشوں کو گرفتار کرنے کے لیے ذمہ دار ہے۔ تنظیم کے لیے مخصوص کچھ ایسے پروٹوکول ہوسکتے ہیں جن پر عمل کرتے ہوئے آپ کو چاہئے کہ اپنے سپر وائزر کو اطلاع دیں اور موزوں مقامی اتھارٹیز کو اس میں شامل کریں۔ اگر آپ ابتدائی جواب دہندہ ہیں تو براہ کرم کسی سراغ کی اطلاع دیں۔ آپ کا تحفظ، نیز متاثرہ فرد کا تحفظ سب سے زیادہ اہم ہے۔ تاوقتیکہ آپ نفاذ قانون سے متعلق نہ ہوں، کبھی بھی کسی مشتبہ بردہ فروش سے براہ راست الجھنے، نمٹنے یا پھر کسی متاثرہ فرد کو اپنےشکوک کے بارے میں ہوشیار کرنے کی کوشش نہ کریں۔

BLUE CAMPAIGN™
One Voice. One Mission. End Human Trafficking.

لیبر (مزدوری) یا خدمت سے متعلق اشاریے

- کیا اس فرد کی تقرری ایک مقصد کے لیے کی گئی تھی اور اسے دوسرے کاموں کو انجام دینے کے لیے مجبور کیا جارہا ہے؟
- کیا مبینہ قرضوں کی ادائیگی کے لیے اس فرد کی تنخواہ سے کٹوتی کی جا رہی ہے؟
- کیا اس فرد کو جنسی عمل کرنے کے لیے مجبور کیا جارہا ہے؟ کیا وہ فرد نابالغ ہے اور جسم فروشی میں ملوث ہے؟
- کیا اس فرد سے کافی زیادہ طویل اور/ یا غیر معمولی اوقات کار میں کام لیا جاتا ہے؟
- کیا وہ فرد صورتحال یا اپنے کام کے لحاظ سے ناموزوں لباس پہنے ہوئے ہے؟

انضباطی اشاریے

- کیا اس فرد کی شناختی اور سفری دستاویزات اس کے قبضے میں ہیں؛ اگر نہیں، تو یہ دستاویزات کس کے قبضے میں ہیں؟
- کیا ایسا لگتا ہے کہ اس فرد کو ہدایت دی جاتی ہے کہ کیا کہنا ہے؟ کیا وہ کسی ایسے فرد کے ساتھ ہے جو لگتا ہو کہ صورتحال پر قابو رکھے ہوئے ہے؟
- کیا اس فرد یا اس کے خاندان کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دی گئی ہے؟
- کیا وہ فرد خوفزدہ، ڈرا ہوا/ ڈری ہوئی ہے اور کسی کا حکم بلا چوں و چرا مان رہا / رہی ہے؟
- کیا اس فرد کو ملک بدر کیے جانے یا نفاذ قانون سے متعلق کارروائی کی دھمکی دی گئی ہے؟
- کیا وہ فرد الجھن زدہ، خوفزدہ ہے، یا وہ دماغی یا جسمانی بدسلوکی کی علامات کا مظاہرہ کررہا/ رہی ہے؟
- کیا وہ فرد آزادی کے ساتھ اپنے دوستوں یا خاندان سے رابطہ کرسکتا ہے؟
- کیا اس فرد کو آزادی کے ساتھ سماجی میل جول کرنے یا مذہبی خدمات میں شرکت کرنے کی اجازت ہے؟

رہائشی حالات سے متعلق اشاریے

- کیا اس فرد کے پاس ذاتی ساز و سامان نہیں ہے اور ایسا لگتا ہے کہ اس کی رہائشی صورتحال مستحکم نہیں ہے؟
- کیا اس فرد کو نقل و حرکت کی آزادی ہے؟ کیا وہ فرد جہاں رہ رہا / رہی ہے، اس جگہ کو آزادی کے ساتھ چھوڑ سکتا / سکتی ہے؟ کیا وہاں پر نامناسب حد تک حفاظتی انتظامات ہیں؟
- کیا اس فرد میں کھانا، پانی، نیند، یا طبی نگہداشت یا زندگی کی دیگر ضروریات سے محروم رہنے کی علامات ہیں؟

سفری اشاریے

- کیا اس فرد کو اپنی حتمی منزل معلوم ہے ؟ یا یہ معلوم ہے کہ وہ یہاں کیسے آیا/آئی؟
- کیا اس فرد کو معلوم ہے کہ حتمی منزل پر اس کی ملاقات کس سے ہوگی؟
- کیا کوئی بچہ ایسے شخص کے ساتھ سفر کر رہا ہے جو اس کے حقیقی والدین یا سرپرست نہیں لگ رہے؟

طبی اشاریے

- کیا اس فرد کو زخم، جلنے، مسخ کیے جانے کے نشانات، یا انفیکشنز ہیں؟
- کیا اس فرد کو اپنی طبی سرگزشت بتانے سے روکا گیا ہے یا مختصر طور پر بتانے کو کہا گیا ہے؟
- کیاوہ فرد پیشاب سے متعلق دشواریوں، پیڑو میں درد، حمل، یا مقعد میں چوٹ میں مبتلا ہے؟
- کیا اس فرد کو پرانا کمر درد، سماعت کی دشواری، قلبی و عروقی مرض، یا سانس کے مسائل ہیں؟
- کیا اس فرد کی بینائی کمزور ہے یا اسے آنکھوں کے مسائل ہیں؟
- کیا ایسا لگتا ہے کہ اس فرد کو مناسب غذا نہ دی جارہی ہو یا اسے دانتوں کے سنگین مسائل کا سامنا ہے؟